# → رہنمائے والدین برائے LEAP CONNECT امتحانات ←

جبکہ سکول اور طلبہ واضح ذہنی معذوریوں کے حامل طلبہ کے LEAP Connect امتحانات کے لیے اپنی حتمی تیاریوں کا آغاز کر رہے ہیں، لوایزیانہ محکمۂ تعلیم (LDOE) نے والدین کو ٹیسٹ سے متعلق عمومی معلومات فراہم کرنے اور اس امر کی آگاہی کے لیے کہ ٹیسٹ دیتے ہوئے آپ اور آپ کا بچہ کیا توقع کر سکتے ہیں، یہ پرچۂ حقائق تشکیل دیا ہے۔

## ٹیسٹ کو جانیں

### LEAP CONNECT امتحانات

لوایزیانہ نے ایک نظامِ تعلیم تشکیل دیا ہے جو علمِ دنیا کے حصول، بامعنی عبارتوں تک رسائی، اظہارِ تصورات، اور پیچیدہ مسائل حل کرتے ہوئے اس امر کو یقینی بناتا ہے کہ تمام طلبہ تعلیم کے اگلے درجہ کے لیے تیار ہیں۔ اس کے ذریعے LDOE نے واضح ذہنی معذوریوں کے حامل طلبہ کے لیے ایک معقول نظام تشکیل دیا ہے جس میں ذیل شامل ہیں:

- واضح ذہنی معذوریوں کے حامل طلبہ کے لیے انگریزی زبان آرٹس (ELA)، ریاضی، اور سائنس میں لوایزیانہ Connectors (LCs)، جو واضح ذہنی معذوریوں کے حامل طلبہ کے لیے بلند معیارات اور معلمین کے لیے ہدایات کا مواد تشکیل دیتے ہیں؛
- طلبہ کی پیش رفت کی پیمائش کے لیےLCs کے ساتھ مطابقت سے ELA، ریاضی، اور سائنس میں متبادل امتحانات (LEAP Connect)؛ اور
- متبادل امتحانات میں پرکھے گئے طلبہ کے لیے ہائی سکول ڈپلومہ سے فارغ التحصیل ہونے کا ایک تسلیم شدہ راستہ ہے۔

وفاقی قانون ریاستوں سے متقاضی ہے کہ وہ مشکل تعلیمی مواد کے معیارات کی جانب پیش رفت کی پیمائش کے لیے واضح ذہنی معذوریوں کے حامل طلبہ سمیت تمام طلبہ کا سالانہ امتحانات لیں۔ LEAP Connect امتحانات، واضح ذہنی معذوریوں کے حامل طلبہ کے لیے لوایزیانہ Connectors (LCs) کی جانب سے واضح کیے گئے مواد اور مہارتوں میں طلبہ کی مہارت کی پیمائش کرتے ہیں۔ LCs، لوایزیانہ طلبہ معیارات میں پائے جانے والے مواد اور مہارتوں کے "بڑے تصورات" کی نمائندگی کرتے ہیں۔ LEAP Connect کی ساخت طلبہ کو تعلیمی امتحانات میں شرکت کے قابل بناتی ہے جو ان کے سیکھنے کی پیش رفت کی پیمائش سے متعلق حساس ہوتے ہیں۔ (دیکھیں R.S.17:24.4(F)(3) اور R.S.17:183.1-17:183.3)۔

### LEAP CONNECT ڈیزائن

LEAP Connect امتحانات واضح ذہنی معذوریوں کے حامل طلبہ کے لیے ELA، ریاضی اور سائنس Connectors کے ساتھ مربوط ہوتے ہیں، جو درج ذیل کی شناخت کرتے ہیں:

- ELA، ریاضی اور سائنس کے لیے لوایزیانہ طلبہ معیارات میں پایا جانے والا جماعت کی سطح کا نمایاں ترین تعلیمی مواد؛ اور
- اگلی جماعت میں کامیابی فراہم کرنے کے لیے ہر جماعت میں درکار مواد کا بنیادی علم اور مہارتیں۔

طلبہ کو یہ دکھانے کا مواقع فراہم کرنے کے لیے، کہ وہ کیا جانتے ہیں اور کیا کر سکتے ہیں، ان امتحانات میں پیچیدگی کی متعدد سطوحات اور معاونت کے مختلف درجات کے حامل اجزاء شامل ہوتے ہیں۔ LEAP Connect امتحان کا ہر جزُ پیچیدگی کے چار میں سے ایک درجہ کی نمائندگی کرتا ہے (درجہ 1-4) جنہیں ہدایاتی مشقوں کی پیروی کے لیے مرتب کیا گیا ہے۔ درجہ 1 اور درجہ 2 کے سوالات عکاسی کرتے ہیں کہ جب طالبِ علم کوئی نئی مہارت سیکھنے یا نیا علم حاصل کرنے کا آغاز کرتا ہے تو اسے بلند سطح کا تعاون درکار ہوگا۔ درجہ 3 اور درجہ 4 سوالات ظاہر کرتے ہیں کہ جب طلبہ اس مہارت یا علم کو سیکھتے اور اس میں کمال حاصل کرتے ہیں تو انہیں کم سطح کی معاونت درکار ہو گی۔

**شرائطِ اہلیت**

LEAP Connect امتحانات میں شرکت کا اہل بننے کے لیے ایک IEP ٹیم کو تصدیق کرنا ہوگی کہ طالبِ علم کو کوئی ایسی معذوری ہے جو اس کے ذہنی افعال پر واضح اثرانداز ہوتی ہے اور وہ بلٹن 1530 § 505 میں خاکہ کش شرائطِ اہلیت پر پورا اترتا ہے۔ اہل طلبہ ہر سال ابتدائی و ثانوی تعلیمی ایکٹ 1965 کے سیکشن 1111(b)(1)(E) اور 8401 کے تقاضوں کے مطابق گریڈ 3-8 اور ہائی سکول میں ELA اور ریاضی ، اور جماعت 4-8 اور ہائی سکول میں سائنس کے لیے LEAP Connect امتحانات دیں گے۔

**LEAP CONNECT امتحانات آپ کے طالبِ علم کے طرزِ ابلاغ کے ساتھ کام کرنے کے لیے مرتب کیے گئے ہیں۔ فراہم کردہ معاونت میں ذیل شامل ہیں: فراہم کردہ معاونت میں ذیل شامل ہیں:**

- عبارات کی تخفیف شدہ طوالت،
- سمجھنے میں طلبہ کی مدد کے لیے تصاویر اور گرافکس،
- پڑھنے، لکھنے اور ریاضی میں ماڈلز،
- عمومی جیومیٹرک شکلیں اور ریاضی کے ٹیسٹ میں چھوٹے اعداد،
- متبادل تعاملی آلات کے ساتھ استعمال کے لیے جوابات کے اختیارات،
- معلم یا عملہ کے کسی دیگر رکن کی جانب سے ایک ایک سے امتحان لیا جانا،
- اور طالبِ علم کی IEP میں بیان کردہ کوئی بھی اضافی گنجائشیں۔

## آن لائن امتحانات کے شیڈول: فروری 19-مارچ 22، 2024

سکولز طالبِ علم کی ضرورتوں اور صلاحیتوں کے مطابق اس عرصہ کے دوران آن لائن امتحانات کے انتظام کے لیے ترتیب کا تعین کرتے ہیں؛ لہٰذا امتحانات کے ایّام طالبِ علم کے مطابق مختلف ہوں گے۔

## امتحانات کے نتائج

سکولز اور سکول سسٹمز کو طالبِ علم کی انفرادی رپورٹس مئی میں موصول ہوں گی۔ ہر سکول سسٹم فیصلہ کرے گا کہ ان معلومات کی ترسیل کس طرح کی جائے، تاہم اساتذہ، والدین اور طلبہ کو وضاحت کے ساتھ سکورز فراہم کیے جائیں گے۔



رہنمائے والدین

LEAP CONNECT طلباء رپورٹس

### میرے بچے کی اس سال LEAP CONNECT کی جانچ میں کیسی کارکردگی رہی؟

Leap Connect کی جانچ میں طلباء کی کارکردگی کامیابی کی سطح اور مجموعی سکور کی بنا پر بتائی جاتی ہے۔ سطح کامیابی کی وضاحتی علامات (ADL's) بھی شامل ہیں اور طالبِ علم ہر سطح پر جس علم و مہارت کا عموماً مظاہرہ کرتا ہے، یہ اس کی وضاحت کرتے ہیں۔

STUDENT PERFORMANCE — AT GOAL — SCORE 1245

OVERALL STUDENT PERFORMANCE - MATHEMATICS

A student who performs at goal level demonstrates a satisfactory understanding of key knowledge and skills in the Louisiana Connectors for Students with Significant Cognitive Disabilities when presented with moderate and high complexity texts or tasks and may need minimal academic scaffolds and supports as the student transitions to the next grade/course and progresses toward inclusive college, career, and community opportunities.

مجموعی کارکردگی کی معلومات کے نیچے آپ کے بچے کے جماعت کی سطح پر LEAP Connect میں کامیابی کے ہر درجہ کے لیے سکور کی رینجز کا ایک چارٹ ہے۔

**جماعت، لیوٗل اور مضامین کے مابین سکور رینجز میں خفیف سی تبدیلی آتی ہے۔ خفیف سی تبدیلی آتی ہے۔**

جماعت 3 کی مثال:

| | ELA | MATH |
|---|---|---|
| ABOVE GOAL | (1258-1290) | (1276-1290) |
| AT GOAL | (1240-1257) | (1240-1275) |
| NEAR GOAL | (1232-1239) | (1232-1239) |
| BELOW GOAL | (1200-1231) | (1200-1231) |

### دوسروں کے مقابلہ میں میرے بچے کی کارکردگی کیسی تھی؟

یہ حصہ سکول کے نظام پر مشتمل ہے اور کارکردگی کی اوسط بیان کرتا ہے تاکہ آپ دیکھ سکیں کہ آپ کے بچے کی کارکردگی اسی جماعت اور مضمون میں دیگر طلبہ کی نسبت کیسی ہے۔ ہوسکتا ہے کہ ایسی صورت میں طلبہ کی رازداری کے تحفظ کے لیے اعداد و شمار کو پوشیدہ رکھا جائے، جب سکول کی کل تعداد طلبہ کے ایک چھوٹے گروہ پر مشتمل ہو۔

SCHOOL SYSTEM AVERAGE — AT GOAL — SCORE 1245

STATE AVERAGE — NEAR GOAL — SCORE 1234

### مجھے ان نتائج کو کیسے استعمال کرنا چاہیے؟

**بطورِ والدین، آپ ٹیسٹ کے ان نتائج کو اپنے بچے کے ٹیچر(ز) سے جماعت میں اور گھر پر درکار اضافی معاونت سے متعلق بات چیت میں رہنمائی کے لیے بھی استعمال کر سکتے ہیں۔**

یہاں چند مجوزہ سوالات ہیں جو آپ اپنے بچے کے دوران پوچھ کر سکتے ہیں:

- میرا بچہ کہاں اچھی کارکردگی دکھا رہا ہے اور کہاں بہتری درکار ہے؟
- بہتری لانے میں ان کی مدد کے لیے کمرۂ جماعت میں کیا کیا جا سکتا ہے؟
- میں گھر پر سیکھنے میں معاونت کے لیے کیسے اپنے بچے کی مدد کر سکتا/سکتی ہوں؟
- میں اس امر کو کیسے یقینی بناؤں کہ میرا بچہ پیش رفت جاری رکھے؟

طلباء کے سیکھنے کے لیے اضافی آلات اور آپ کی مدد کے لیے اضافی آلات اور مواد کے لیے ذیل پر فیملی سپورٹ ٹول باکس وزٹ کریں

گھر میں،فیملی سپورٹ ٹول باکس وزٹ کریں معاونت ٹول باکس پر

https://www.louisianabelieves.com/resources/family-support-toolbox

انگریزی کے لیے Leap Connect سطح کامیابی کی وضاحتی علامات زبان فنون گریڈز 3-8 اور ہائیسکول:
https://www.louisianabelieves.com/docs/default-source/assessment/leap-connect-achievement-level-descriptors-for-english-language-arts-grades-3-8-and-high-school.pdf

Leap Connect سطح کامیابی کی وضاحتی علامات ریاضی جماعت 3-8 اور ہائی سکول کے لیے
https://www.louisianabelieves.com/docs/default-source/assessment/leap-connect-achievement-level-descriptors-

سائنس کے لیے Leap Connect سطح کامیابی کی وضاحتی علامات جماعت 4، جماعت 8 اور ہائی سکول:
https://www.louisianabelieves.com/docs/default-source/assessment/leap-connect-achievement-level-descriptors-for-science-grade-4-grade-8-and-high-school.pdf

LA Connectors کے لیے طلباء کےساتھ اہم معذوری:
https://www.louisianabelieves.com/docs/default-source/students-with-disabilities/k-12-louisiana-connectors-for-students-with-significant-disabilities.pdf

DEPARTMENT of EDUCATION Louisiana Believes

**LEAP Connect طلبہ رپورٹس کے لیے رہنمائے والدین دیکھیں**

ان نتائج سے متعلق مزید معلومات اور یہ جاننے کے لیے کہ یہ آپ کے بچے کے لیے کیوں اہم ہیں۔

## امتحان کی تیاری

### جانیں آپ کا بچہ کیا سیکھ رہا ہے


آپ درج ذیل سے LEAP Connect امتحانات کے لیے تیاری میں اپنے بچے کی مدد کر سکتے ہیں:

- اپنے بچے کی IEP میں ہدف کی گئی مہارتوں کو ازسرِ نو مستحکم کرنا۔
- اس امر کا تعین کرنے کے لیے اپنے بچے کے معلم/معلمہ سے مشورہ کرنا کہ کمرۂ جماعت کی ہدایات میں کون سے LA Connectors پر کام کیا جا رہا ہے۔

یہ سمجھنے کے بعد کہ آپ کے بچے کو کیا جاننا چاہیے اور وہ اس سال کیا کر سکتا ہے، آپ کمرۂ جماعت میں سیکھنے اور امتحان کے مابین ربط پیدا کرنے میں اپنے بچے کی بہتر طور پر مدد کرنے کی حالت میں ہوں گے۔

### کارآمد لنکس

- واضح معذوریوں کے حامل طلبہ کے لیے LA Connectors
- رہنمائے والدین برائے لوایزیانہ Connectors
- لوایزیانہ میں معذوریوں کے حامل بچوں کے تعلیمی حقوق
- معذوریوں کے حامل طلبہ کے والدین کے لیے مواد
- رہنمائے والدین برائے LEAP Connect طالبِ علم رپورٹ




**جانچ کے تمام وسائل تک آن لائن رسائی کے لیے وزٹ کریں فیملی سپورٹ ٹول باکس۔**

**اس جانچ یا ریاست بھر میں کسی بھی دیگر جانچ سے متعلق مزید معلومات کے لیے اپنے بچے کے/کی پرنسپل یا معلّم سے بات کریں، یا assessment@la.gov پر محکمہ کو ای میل کریں۔**

**اس مواد میں موجود ہائیپرلنکس تک رسائی کے لیے یہ QR Code سکین کریں۔**

LOUISIANA DEPARTMENT OF EDUCATION